قسم ھے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ھیں ، القرآن

ABC CERTIFIED

اسلام آباد، پشاور، راولپنڈی، ایبٹ آباد، میرپور خاص، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

THURSDAY, JULY 17, 2025

Registered ID 174

جلد: 27 | بمعرات 21 محرم الحرام 1447ھ 17 جولائی 2025ء 3 سالن 2082 بے ملحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 207

عدنان خان اوصاف سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، میٹرک، انٹر امتحانات، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال

زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد، شریک امیدواران کو بہترین سہولیات فراہم

طلبہ ہمارا کل، کسی کو انکے مستقبل سے کھیلنے کی اجازت نہیں دینگے، چیئرمین بورڈ

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی بورڈ کے زیر اہتمام میٹرک اور انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول امتحانات 2025 مکمل شفافیت، سخت نگرانی اور میرٹ کی بنیاد پر منعقد (باقی صفحہ 6 پر نمبر 31)

کیے گئے، جنہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کامیاب بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، مؤثر حکمت عملی اور خصوصی اسکواڈز کی مدد سے بھرپور اقدامات کیے گئے چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان نے کہا کہ میٹرک فرسٹ اینول 2025 اور انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2025 کے امتحانات وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور حکومت پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت مکمل شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے منعقد کیے گئے۔ چیئرمین بورڈ نے بتایا کہ امتحانات کے کامیاب انعقاد کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی گئی۔ سپیشل سکواڈ، چیئرمین سکواڈ اور موبائل انسپکٹرز روزانہ کی بنیاد پر امتحانی مراکز کے دورے کرتے رہے اور رپورٹس فوری طور پر متعلقہ شعبہ جات کو ارسال کی جاتی رہیں۔ امتحانی مراکز کی نگرانی بارڈ اور گریڈ سینٹرز میں آن لائن کیمروں کی مدد سے کی گئی۔